بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ناپاک رومال گیلا ہوگیا، جس سے شلوار بھی گیلی ہوگئی تو کیا شلوار بھی ناپاک ہوگئی؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

مجھے پیشاب کے قطرے آتے ہیں، کپڑوں کو ناپاکی سے بچانے کے لئے میں نے شرم گاہ پر رومال باندھا ہوا ہے۔ اگر قطرے گرنے کی وجہ سے رومال ناپاک ہوگیا اور خشک ہوگیا، جس کے بعد میں نہانے کے لیے چلا گیا اب رومال دوبارہ گیلا ہوگیا اور اس رومال سے شلوار گیلی ہوگئی۔ تو کیا شلوار ناپاک ہوگئی۔ اور ہم نے شلوار کو دوسرے کپڑوں کے ساتھ مشین میں دھودیا۔ تو کیا دوسرے کپڑے بھی ناپاک ہوجائیں گے؟

## جواب

اگر ایسا ہوا کہ ناپاک خشک رومال پانی لگنے کی وجہ سے تر ہوگیا اور پھر یہ تری پاک شلوار کو لگی تو شلوار کے جس حصے پر یہ تری لگی ہے وہ حصہ ناپاک ہوجائے گا، اب اس کو پاک کیے بغیر دودوسرے کپڑوں کے ساتھ دھوئیں گے تو دوسرے کپڑے بھی ناپاک ہوجائیں گے اور اگر ناپاک رومال سے تری چھوٹ کر شلوار کو نہیں لگی اور نہ ہی شلوار میں نجاست کا اثر مثلاً بُو ہے تو شلوار پاک ہوگی، اس کی وجہ سے دوسرے کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے۔

صدرالشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ لکھتے ہیں: "ناپاک کپڑے میں پاک کپڑا یا پاک میں ناپاک کپڑا لپیٹا اور اس ناپاک کپڑے سے یہ پاک کپڑا نم ہوگیا تو ناپاک نہ ہوگا بشرطیکہ نجاست کا رنگ یا بُو اس پاک کپڑے میں ظاہر نہ ہو، ورنہ نم ہوجانے سے بھی ناپاک ہو جائے گا، ہاں اگر بھیگ جائے تو ناپاک ہوجائے گا اور یہ اسی صورت میں ہے کہ وہ ناپاک کپڑا پانی سے تر ہوا ہو اور اگر پیشاب یا شراب کی تری اس میں ہے تو وہ پاک کپڑا نم ہوجانے سے بھی نجس ہوجائے گا اور اگر ناپاک کپڑا سوکھا تھا اور پاک تر تھا اور اس پاک کی تری سے وہ ناپاک تر ہوگیا اور اس ناپاک کو اتنی تری پہنچی کہ اس سے چُھوٹ کر اس پاک کو لگی تو یہ ناپاک ہوگیا ورنہ نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 393، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2415

تاریخ اجراء: 10 صفر المظفر 1447ھ/05 اگست 2025ء